Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator____________

اُردو (لازمی) ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محرومِ سماعت و گویائی)

وقت: 20 منٹ

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) قراردادِ پاکستان کہاں منظور ہوئی:
الف۔ کراچی ب۔ لاہور ج۔ پشاور د۔ کوئٹہ

(ii) جو دوسرے پر ہنستا ہے۔ اس پر دوسرے ______ ہیں۔
الف۔ مسکراتے ب۔ روتے ج۔ ہنستے د۔ چلاتے

(iii) ہاتھ میں موٹی سی انگریزی ______ کی کتاب تھی۔
الف۔ آدابِ مجلس ب۔ افسانوں ج۔ لٹریچر د۔ شاعری

(iv) بچے اس طرح دھاڑیں مار مار کے روئے کے میرا دل ______ گیا۔ (بحوالہ سبق۔ ایثار)
الف۔ لرز ب۔ ہل ج۔ کانپ د۔ گھبرا

(v) یہ سب سامان خان صاحب نے باہر لا کر اس بیٹے کے ______ رکھ دیا۔
الف۔ روبرو ب۔ سامنے ج۔ آگے د۔ ایک طرف

(vi) دونوں بہن، بھائیوں کی شادی ساتھ ساتھ:
الف۔ ہوئی ب۔ انجام پائی ج۔ ختم ہوئی د۔ ٹھہری

(vii) صفیہ کے پاس ابھی تھوڑی بہت ______ موجود تھی۔
الف۔ جمع پونجی ب۔ رقم ج۔ جائیداد د۔ گھرچن

(viii) رات رات بھر اور دن دن بھر ______ پکڑے بیٹھی رہی۔
الف۔ چارپائی ب۔ پٹی ج۔ بچے د۔ کتاب

(ix) حضرت اُمِ عمارہ نے کس جنگ میں رسول اللہ ﷺ کی حفاظت کی تھی؟
الف۔ جنگِ بدر ب۔ جنگِ احد ج۔ جنگِ خندق د۔ جنگِ خیبر

(x) کیا عجب اندر کوئی ______ ہی بیٹھا ہو۔
الف۔ سانپ ب۔ بچھو ج۔ کن کھجورا د۔ مینڈک

(xi) اس میں اربابِ کارپوریشن کی ______ کا بھی کافی دخل ہے۔
الف۔ مساعی ب۔ کوشش ج۔ جدوجہد د۔ محنت

(xii) فاطمہ بنتِ عبداللہ کی والدہ کا نام بتائیں:
الف۔ سارہ ب۔ کلثوم ج۔ اُمِ عمارہ د۔ اُمِ لیلیٰ

(xiii) یہی وجہ ہے کہ پولو انسان کے لیے کھیل ہے اور گھوڑے کے لیے ______ ہے۔
الف۔ کام ب۔ مشقت ج۔ بیگار د۔ محنت

(xiv) جس کو دیکھو قوم کے لیے ______ قربان کرنے پر تُلا ہے۔
الف۔ جان ب۔ زندگی ج۔ عزت د۔ جائیداد

(xv) خوبصورت کاغذ اور ڈبہ دیں تو ______ بڑھ جائے گی۔
الف۔ قیمت ب۔ لاگت ج۔ اجرت د۔ مانگ

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ______

اُردو (لازمی) ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محرُوم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم 60

حصّہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: **(5x2=10)**

(i) مسلم لیگ کب اور کہاں قائم ہوئی ؟ اس کے بانی کون تھے؟

(ii) علیم نے اپنے روپے واپس کیسے لیے؟

(iii) سرکاری پیادے غریب آدمی کو کیوں پکڑے لیے جاتے تھے؟

(iv) ڈبیا میں مچھروں کے بے گوروکفن لاشے دیکھ کر کالم نگار نے کیا سوچا؟

(v) بمبئی جانے سے پہلے مصنف اپنی آنکھوں کے علاج کے سلسلے میں کس جگہ گئے؟ اور وہاں انھیں کیا مشورہ دیا گیا؟

(vi) ''جتنا گُڑ ڈالو اتنا میٹھا ہوگا'' اس کی وضاحت کریں۔

(vii) تحفے کے بارے میں کیفی دہلوی کا مصرع لکھیں۔

(viii) کیا والدین کو زیب دیتا ہے کہ وہ بیٹے اور بیٹی میں فرق روا رکھیں۔

سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل کی تعریف کیجیے: **(5x2=10)**

(i) اسم (ii) کلمہ (iii) حروف جار

(iv) اسم نکرہ (v) اسم اشارہ

سوال نمبر ۴: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تفصیلاً تحریر کیجیے: **(2x5=10)**

(i) صفیہ کو اپنے خاوند کے رویے کے سامنے بالآخر گھٹنے ٹیکنے پڑے کیوں؟

(ii) مصنف نے اسٹیشن پر قلیوں کو کیا سمجھایا۔ جس سے ''صاحب بہادر'' کی جلد ہی گلوخلاصی ہوگئی۔

(iii) شہید اور غازی میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر ۵: الف: مندرجہ ذیل جملوں کو منفی جملوں میں تبدیل کیجیے: **(5)**

(i) ہم کل سیر کو جائیں گے۔ (ii) میرا دوست بہت بہادر ہے۔

(iii) بچے باغ میں ہیں۔ (iv) آج بہت گرمی ہے۔

(v) کراچی خوب صورت شہر ہے۔

ب: مندرجہ ذیل جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کیجیے: **(5)**

(i) کل عید ہے۔ (ii) آج سردی ہے۔

(iii) وہ لاہور جائے گا۔ (iv) آسمان نیلا ہے۔

(v) تم رو رہے ہو۔

حصّہ سوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر ۶: مندرجہ ذیل میں کسی ایک کا خلاصہ لکھیے: **(10)**

(i) محسنِ انسانیت (ii) ادائے فرض

سوال نمبر ۷: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: **(10)**

(i) قائدِ اعظم (ii) میرا بہترین دوست